# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## شعبہ فقہ واسلامی قانون

کورس: مطالعہ فقہ اسلامی (اصول فقہ وتاریخ فقہ) (4631) سمسٹر: بہار 2013ء

کریڈٹ آورز: 03

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## راہنما اصول برائے مشقی کام

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مطالعہ فقہ (اصول فقہ وتاریخ فقہ) کے کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات کو ذہن میں رکھیں۔

1- فقہ سمجھ بوجھ کا کام ہے اس لیے آپ اس کو رٹنے کی بجائے سمجھیں اور پھر مشقی سوال کریں۔ اگر کہیں کوئی مشکل پیش آئے تو اپنے Tutor سے راہنمائی لیں۔

2- تمام ضروری مواد اگرچہ آپ کی کتاب میں موجود ہے تاہم موضوع سے متعلق آپ مزید کتابوں کا مطالعہ کریں۔

3- مشقی سوالات کے جوابات کے لیے کتاب میں موجود مواد کو نقل کر دینا کافی نہ ہوگا بلکہ ضروری ہے کہ جوابات آپ اپنے الفاظ میں نقل کریں اور آپ کے جواب سے یہ ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ سوال کو سمجھ کر حل کر رہے ہیں۔

4- ہر سوال کا جواب اتنا ہی دیں جتنا دریافت کیا گیا ہے۔ ہر سوال میں موجود اجزا کو سمجھیں اور ہر جز کے مطابق جواب دیں۔

5- مشقی کام کے حل کے دوران مناسب پیراگراف اور Head lines بنائیں، جس جگہ ضروری ہو وہاں قرآن کریم کی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا حوالہ دیں۔

6- ہر مشق کی ایک فوٹو کاپی اپنے پاس محفوظ کر لیں تا کہ ڈاک میں ضائع ہونے کی صورت میں آپ کے پاس ریکارڈ موجود ہو۔

☆ مزید معلومات اور راہنمائی کے لیے ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

والسلام

ڈاکٹر حافظ غلام یوسف
کورس رابطہ کار
ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ فقہ واسلامی قانون
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

شعبہ فقہ واسلامی قانون

کورس: مطالعہ فقہ اسلامی (اصول فقہ وتاریخ فقہ) (4631) سمسٹر: بہار، 2013ء

کریڈٹ آورز: 03

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

# بستہ برائے طلباء

عزیز طلبہ! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ☆ | مطالعاتی راہنما | ایک عدد |
| ☆ | امتحانی مشقیں | دو عدد |
| ☆ | فارم برائے امتحانی مشقیں | 06 عدد |
| ☆ | اوقات نامہ مشقی کام | ایک عدد |

نوٹ:

بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع، شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ غلام یوسف
کورس رابطہ کار

ایسوسی ایٹ پروفیسر/چیئرمین، شعبہ فقہ واسلامی قانون
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
شعبہ فقہ و اسلامی قانون

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: مطالعہ فقہ اسلامی (اصول فقہ و تاریخ فقہ) (4631) — سمسٹر: بہار 2013ء

کریڈٹ آورز: 03 — سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 — (یونٹ: 1 تا 5) — کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ فقہ اسلامی کا تعارف کرائیں نیز صدر اسلام میں فقہ کے ارتقاء پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مفصل نوٹ تحریر کریں: دوسری صدی ہجری میں فقہ اسلامی کا ارتقاء۔ (20)

سوال نمبر 3۔ پاکستان میں اسلامی قوانین کا نفاذ اور قرارداد مقاصد کا مفصل تعارف کرائیں۔ (20))

سوال نمبر 4۔ اصول فقہ کی لغوی و اصطلاحی تعریف، ضرورت و اہمیت تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل پر مفصل نوٹ تحریر کریں: 5+5+5+5

(1) واجب کی تعریف، حکم اور اقسام (2) حرام کی تعریف، حکم اور اقسام

(3) عزیمت اور رخصت کی تعریف، اقسام اور حکم (4) اہلیت کی تعریف، حکم اور اقسام

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 — (یونٹ: 6 تا 9) — کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ درج ذیل پر مفصل نوٹ تحریر کریں: 5+5+5+5)

(1) عام (2) مشترک اور مؤول (3) دلالۃ النص اور اشارۃ النص (4) اجتہاد و تقلید

سوال نمبر2۔ وہ الفاظ جو اپنے معنی واضح طور پر نہیں بتلاتے وہ کون سے ہیں؟ مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ نہی کے معنی میں فقہاء کے اختلاف سے کیا مراد ہے؟ مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بیان کی تعریف، بیان کی حجیت، اقسام اور احکام تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ عصر حاضر میں اجتہاد کی ضرورت و اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)